غیر محفوظ ہیں حالانکہ وہ غیر محفوظ نہ تھے بلکہ وہ صرف جنگ سے بھاگنا چاہتے تھے اور خدائے تعالیٰ نے فرمایا کہ جب مؤمنوں نے احزاب کے لشکر کو دیکھا

مَا وَعَدَنَا اللهُ وَرَسُولُهُ وَصَدَقَ اللهُ وَرَسُولُهُ وَمَا زَادَهُمْ إِلَّا إِيمَاناً وَتَسْلِيماً، فَقَتَلْتَ عَمْرَهُمْ،

تو کہنے لگے یہ وہی ہے جس کا خدا اور رسولؐ نے ہم سے وعدہ کیا خدا اور اسکا رسولؐ سچے ہیں اور اس سے انکے ایمان و یقین میں اضافہ ہوا تب آپ نے عمر

وَهَزَمْتَ جَمْعَهُمْ وَرَدَّ اللهُ الَّذِينَ كَفَرُوا بِغَيْظِهِمْ لَمْ يَنَالُوا خَيْراً وَكَفَى اللهُ الْمُؤْمِنِينَ الْقِتَالَ وَ

(بن ود) کو قتل کیا اور ان کے لشکر کو شکست دی خدا نے کافروں کو غیض و غضب کے عالم میں واپس کیا اور انہوں نے کوئی بھلائی نہ پائی اور خدا نے جنگ میں

كَانَ اللهُ قَوِيّاً عَزِيزاً، وَيَوْمَ أُحُدٍ إِذْ يُصْعِدُونَ وَلَا يَلْوُونَ عَلَى أَحَدٍ وَالرَّسُولُ يَدْعُوهُمْ فِي أُخْرَاهُمْ

مؤمنوں کی کفایت فرمائی اور خدا قوت والا غالب تر ہے اور احد کے دن جب لوگ پہاڑ پر چڑھے جاتے تھے اور پیچھے رہ جانے والوں کو دیکھتے ہی نہ تھے اور

وَأَنْتَ تَذُودُ بِهِمُ الْمُشْرِكِينَ عَنِ النَّبِيِّ ذَاتَ الْيَمِينِ وَذَاتِ الشِّمَالِ حَتَّى رَدَّهُمُ اللهُ تَعَالَى

رسولؐ ان کے پیچھے ان کو پکار رہے تھے جب کہ آپ نبیؐ کے دائیں بائیں سے مشرکین کو لڑ بھڑ کر پیچھے دھکیلتے جاتے تھے یہاں تک کہ خدا نے خائف

عَنْكُمَا خَائِفِينَ وَنَصَرَ بِكَ الْخَاذِلِينَ وَيَوْمَ حُنَيْنٍ عَلَى مَا نَطَقَ بِهِ التَّنْزِيلُ إِذْ أَعْجَبَتْكُمْ كَثْرَتُكُمْ

دشمنوں کو آپ سے دور کر دیا اور آپ کے ذریعے بھاگے ہوؤں کو مدد دی اور حنین کا دن جس کے بارے میں قرآن کہتا ہے کہ جب تمہاری کثرت نے

فَلَمْ تُغْنِ عَنْكُمْ شَيْئاً وَضَاقَتْ عَلَيْكُمُ الْأَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ ثُمَّ وَلَّيْتُمْ مُدْبِرِينَ، ثُمَّ أَنْزَلَ اللهُ سَكِينَتَهُ

تمہیں نازاں کر دیا پس وہ تمہارے کسی کام نہ آئی اور زمین تمہارے لئے تنگ ہوگئی جب وہ وسیع تھی پھر تم پیٹھ پھیر کر بھاگ گئے تب اللہ تعالیٰ نے اپنے رسولؐ

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com

عَلَى رَسُولِهِ وَعَلَى الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنُونَ أَنْتَ وَمَنْ يَلِيكَ وَعَمُّكَ الْعَبَّاسُ يُنادِي الْمُنْهَزِمِينَ
پرسکون قلب نازل کیا اور مؤمنوں پر بھی ہاں آپ اور آپ کے پیروکار ہی تو مؤمن ہیں اس وقت آپ کے چچا عباس بھاگنے والوں کو پکار رہے تھے اے

يَا أَصْحَابَ سُورَةِ الْبَقَرَةِ، يَا أَهْلَ بَيْعَةِ الشَّجَرَةِ، حَتَّى اسْتَجابَ لَهُ قَوْمٌ قَدْ كَفَيْتَهُمُ الْمَؤُونَةَ
سورہ بقرہ کی تلاوت کرنے والو اے بیعت شجرہ میں حصہ لینے والو یہاں تک کہ ایک گروہ نے ان کو لبیک کہا اس وقت آپ نے ان

وَتَكَفَّلْتَ دُونَهُمُ الْمَعُونَةَ فَعَادُوا آيِسِينَ مِنَ الْمَثُوبَةِ رَاجِينَ وَعْدَ اللهِ تَعالى بِالتَّوْبَةِ، وَذٰلِكَ
کے نان و نفقہ کا انتظام کیا پس وہ ثواب جہاد سے ناامیدی میں خدا کے قبول توبہ کے وعدے کی

قَوْلُ اللهِ جَلَّ ذِكْرُهُ ثُمَّ يَتُوبُ اللهُ مِنْ بَعْدِ ذٰلِكَ عَلى مَنْ يَشَاءُ، وَأَنْتَ حَائِزٌ دَرَجَةَ الصَّبْرِ فائِزٌ
اس میں پلٹ آئے اور یہ بلند ذکر والے خدا کا فرمان ہے کہ پھر خدا جس کی چاہے توبہ قبول فرمائے اور آپ ہی ہیں جو صبر کے

بِعَظِيمِ الْأَجْرِ، وَيَوْمَ خَيْبَرَ إِذْ أَظْهَرَ اللهُ خَوَرَ الْمُنافِقِينَ وَقَطَعَ دابِرَ الْكافِرِينَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ
اونچے درجے پر ہیں بہت بڑا اجر پانے والے ہیں اور خیبر کے دن جب خدا نے منافقوں کی سستی ظاہر کی اور آپ کے ذریعے کافروں کی جڑیں کاٹ

الْعالَمِينَ وَلَقَدْ كانُوا عاهَدُوا اللهَ مِنْ قَبْلُ لا يُوَلُّونَ الْأَدْبَارَ وَكَانَ عَهْدُ اللهِ مَسْؤُولاً مَوْلايَ
دیں اور حمد ہے خدا کے لئے جو جہانوں کا رب ہے اور فرمان الٰہی ہے کہ اس سے پہلے انہوں نے خدا سے عہد کیا تھا کہ دشمنوں سے پیٹھ نہ پھیریں گے اور خدا

أَنْتَ الْحُجَّةُ الْبالِغَةُ، وَالْمَحَجَّةُ الْواضِحَةُ، وَالنِّعْمَةُ السَّابِغَةُ، وَالْبُرْهانُ الْمُنِيرُ، فَهَنِيئاً لَكَ
سے کیے ہوئے عہد پر باز پرس ہوگی اے میرے مولا آپ ہی تو کامل حجت حق کا واضح تر طریق خدا کی نعمت عامہ اور روشن تر دلیل ہیں پس آپ پر اللہ کا

بِما آتاكَ اللهُ مِنْ فَضْلٍ، وَتَبّاً لِشانِئِكَ ذِي الْجَهْلِ، شَهِدْتَ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ
یہ فضل مبارک بہت بہت مبارک ہو آپ کے جاہل دشمن پر ہلاکت پڑے آپ حضرت رسولؐ کے ہمراہ

جَمِيعَ حُرُوبِهِ وَمَغازِيهِ تَحْمِلُ الرَّايَةَ أَمامَهُ وَتَضْرِبُ بِالسَّيْفِ قُدَّامَهُ ثُمَّ لِحَزْمِكَ الْمَشْهُورِ،
سبھی ا ں میں حاضر اور شامل ہوئے ان کے حضور علمبردار لشکر رہے اور ان پر ú کرنے والوں پر تلوار چلاتے رہے

وَبَصِيرَتِكَ فِي الْأُمُورِ أَمَّرَكَ فِي الْمَواطِنِ وَلَمْ يَكُنْ عَلَيْكَ أَمِيرٌ، وَكَمْ مِنْ أَمْرٍ صَدَّكَ
پھر آپ کی انتہائیô ط اور آپ کی معاملہ فہمی کے پیش نظر وہ آپ کو امیر بناتے تھے کسی کو آپ پر امیر نہیں بنایا

عَنْ إِمْضاءِ عَزْمِكَ فِيهِ التُّقىٰ، وَاتَّبَعَ غَيْرُكَ فِي مِثْلِهِ الْهَوىٰ فَظَنَّ الْجاهِلُونَ أَنَّكَ عَجَزْتَ
کتنے ہی ایسے امور ہیں جن میں تقویٰ آپ کے لئے رکاوٹ بن گیا جب کہ آپ کے غیر نے ان میں خواہش کی

عَمَّا إِلَيْهِ انْتَهىٰ، ضَلَّ وَاللهِ الظَّانُّ لِذٰلِكَ وَمَا اهْتَدىٰ، وَلَقَدْ أَوْضَحْتَ مَا أَشْكَلَ مِنْ ذٰلِكَ لِمَنْ
پیروی کی پس جاہلوں نے خیال کیا آپ ان امور میں قاصر و عاجز ہیں قسم بخدا یہ خیال کرنے والا گمراہ ہوا اور راہ نہ پاسکا اور آپ نے ایسا وہم کرنے

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com

تَوَهَّمَ وَامْتَرىٰ بِقَوْلِکَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْکَ قَدْ يَرَىٰ الْحُوَّلُ الْقُلَّبُ وَجْهَ الْحِيلَةِ وَدُونَها حاجِزٌ

والے کی مشکل آسان کر دی جو آپ کے قول پر شک کرتا تھا خدا کی رحمت ہو آپ پر کبھی امور کو انجام دینے والا ان کے لئے عجیب سا طریقہ دیکھتا ہے

مِنْ تَقْوَى اللّٰهِ فَيَدَعُها رَأْىَ الْعَيْنِ، وَيَنْتَهِزُ فُرْصَتَها مَنْ لاَ حَرِيجَةَ لَهُ فِى الدِّينِ، صَدَقْتَ وَاللّٰهِ

جس میں تقویٰ رکاوٹ بن جاتا ہے لیکن اس کی پروا نہیں کرتا جو چاہے کر گزرتا ہے اور اپنے دین کی کچھ فکر نہیں کرتا آپ سچے اور اہل باطل گھاٹے میں

وَخَسِرَ الْمُبْطِلُونَ وَ إِذْ ماكَرَکَ النَّاكِثانِ، فَقالا نُرِيدُ الْعُمْرَةَ، فَقُلْتَ لَهُما لَعَمْرُكُما مَا تُرِيدانِ

ہیں جب بیعت توڑنے والے دو شخصوں نے مکر کیا اور آپ سے کہا ہم عمرہ کرنا چاہتے ہیں تو آپ نے ان سے کہا تمہاری زندگی کی قسم تم عمرہ کرنے کا

الْعُمْرَةَ، لكِنْ تُرِيدانِ الْغَدْرَةَ، فَأَخَذْتَ الْبَيْعَةَ عَلَيْهِما، وَجَدَّدْتَ الْمِيثاقَ، فَجَدَّا فِى النِّفاقِ،

ارادہ نہیں رکھتے لیکن یہ کہ تم دھوکہ دینا چاہتے ہو پس آپ نے بار دیگر ان سے بیعت لے لی اور پھر سے عہد و پیمان باندھا مگر وہ دونوں نفاق کر رہے تھے

فَلَمَّا نَبَّهْتَهُما عَلَى فِعْلِهِما أَغْفَلا وَعادا وَمَا انْتَفَعا، وَكانَ عاقِبَةُ أَمْرِهِما خُسْراً، ثُمَّ تَلاهُما

جب آپ نے ان کو اس فعل سے خبردار کیا تو بے پروا ہو کر چلے گئے اور کچھ فائدہ نہ پا سکے اور انجام کار وہ خسارے سے دوچار ہوئے پھر شام والوں نے بھی

أَهْلُ الشَّامِ فَسِرْتَ إِلَيْهِمْ بَعْدَ الْإِعْذارِ وَهُمْ لاَ يَدِينُونَ دِينَ الْحَقِّ، وَلاَ يَتَدَبَّرُونَ الْقُرْآنَ،هَمَجٌ

انہی کی پیروی کی تو ان کا عذر و بہانہ سن کر آپ ان کی طرف روانہ ہوئے کیونکہ ان کا دین و حق سے کوئی تعلق نہ تھا اور نہ ہی قرآن کی تعلیم پر توجہ دیتے تھے

رُعاعٌ ضالُّونَ وَبِالَّذِى أُنْزِلَ عَلَى مُحَمَّدٍ فِيکَ كافِرُونَ، وَلِأَهْلِ الْخِلافِ عَلَيْکَ ناصِرُونَ،

اور ہر آواز کے پیچھے ½ والے گمراہ تھے آپ کے بارے میں پیغمبر اکرمؐ پر جو آیات آئیں ان کا انکار کرتے تھے اور آپ کے دشمنوں کی مدد و نصرت کرنے

وَقَدْ أَمَرَ اللّٰهُ تَعالَى بِاتِّباعِکَ، وَنَدَبَ الْمُؤْمِنِينَ إِلَى نَصْرِکَ، وَقالَ عَزَّ وَجَلَّ يا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا

والے تھے جبکہ خدا نے آپکی پیروی کا حکم دیا اور مؤمنوں کو آپکی نصرت کی دعوت دی تھی اور خدائے عزوجل نے فرمایا کہ اے وہ لوگو! جو ایمان لائے ہو خدا سے ڈرو

اتَّقُوا اللّٰهَ وَكُونُوا مَعَ الصَّادِقِينَ، مَوْلاىَ بِکَ ظَهَرَ الْحَقُّ،وَقَدْ نَبَذَهُ الْخَلْقُ، وَأَوْضَحْتَ السُّنَنَ

اور حق سچ والوں کیساتھ ہو جاؤ میرے مولاؑ آپ کے ذریعے حق آشکار ہوا جب کہ لوگ اسے چھوڑ چکے تھے آپ نے پیغمبر کی سنتوں کو ظاہر کیا جب وہ بھلائی

بَعْدَ الدُّرُوسِ وَالطَّمْسِ، فَلَکَ سابِقَةُ الْجِهادِ عَلَى تَصْدِيقِ التَّنْزِيلِ وَلَکَ فَضِيلَةُ الْجِهادِ عَلَى

مٹائی جا چکیں تھیں پس تبلیغ قرآن کے لئے جہاد میں آپ کو سبقت حاصل ہے اور قرآن کی تاویل و تعین مفہوم کیلئے جہاد کی فضیلت بھی

تَحْقِيقِ التَّأْوِيلِ وَعَدُوُّکَ عَدُوُّ اللّٰهِ جاحِدٌ لِرَسُولِ اللّٰهِ يَدْعُو باطِلاً، وَيَحْكُمُ جائِراً، وَيَتَأَمَّرُ

آپ ہی کے لئے ہے آپ کا دشمن خدا کا دشمن خدا کے رسولؐ کا انکار کرنے والا باطل کی طرف بلانے والا ظالمانہ فیصلہ کرنے والا زبردستی

غاصِباً،وَيَدْعُو حِزْبَهُ إِلَى النَّارِ، وَعَمَّارٌ يُجاهِدُ وَيُنادِى بَيْنَ الصَّفَّيْنِ الرَّواحَ الرَّواحَ إِلَى الْجَنَّةِ،

حکومت لینے والا اور اپنے گروہ کو جہنم کی طرف بلانے والا لیکن عمار جہاد کرتے اور آواز دے رہے تھے دو لشکروں کے درمیان

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com

وَلَمَّا اسْتَسْقىٰ فَسُقِيَ اللَّبَنَ كَبَّرَ وَقالَ قالَ لِي رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ آخِرُ شَرابِكَ

کہ چلو چلو جنت کی طرف چلو اور جب انہوں نے پانی مانگا تو انہیں دودھ پلایا گیا تب تکبیر بلند کی اور کہا حضرت رسول ﷺ نے مجھ سے فرمایا تھا

مِنَ الدُّنْيا ضَياحٌ مِنْ لَبَنٍ، وَتَقْتُلُكَ الْفِئَةُ الْباغِيَةُ، فَاعْتَرَضَهُ أَبُو الْعادِيَةِ الْفَزارِيُّ فَقَتَلَهُ فَعَلىٰ أَبِي

کہ دنیا میں تمہاری آخری خوراک دودھ کا پیالہ ہے اور تمہیں ایک باغی گروہ قتل کرے گا پس ابو العادیہ فزاری آپکے مقابل آیا اور

الْعادِيَةِ لَعْنَةُ اللهِ وَلَعْنَةُ مَلائِكَتِهِ وَرُسُلِهِ أَجْمَعِينَ وَعَلىٰ مَنْ سَلَّ سَيْفَهُ عَلَيْكَ، وَسَلَلْتَ سَيْفَكَ

اس نے آپ کو شہید کردیا پس ابو العادیہ پر خدا کی اس کے فرشتوں کی اور اس کے رسولوں کی لعنت برستی رہے اس پر جس نے آپ پر

عَلَيْهِ،يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ، مِنَ الْمُشْرِكِينَ وَالْمُنافِقِينَ إِلىٰ يَوْمِ الدِّينِ وَعَلَى مَنْ رَضِيَ بِما سَائَكَ

تلوار کھینچی اور اس پر بھی جس پر آپ نے تلوار کھینچی اے مومنوں کے امیرؑ، جو کہ مشرکوں میں سے اور منافقوں میں سے ہیں روز قیامت تک لعنت ہو اور اس

وَلَمْ يَكْرَهْهُ وَأَغْمَضَ عَيْنَهُ وَلَمْ يُنْكِرْ، أَوْ أَعانَ عَلَيْكَ بِيَدٍ أَوْ لِسانٍ، أَوْ قَعَدَ عَنْ نَصْرِكَ،أَوْ

پر لعنت ہو اور آپ کو تکلیف پہنچانے پر راضی ہوا اور ناخوش نہ ہوا آنکھیں بند کرلیں اور نفرت نہیں کی یا آپ کے خلاف ہاتھ یا زبان سے معاون بنا آپ کی

خَذَلَ عَنِ الْجِهادِ مَعَكَ أَوْ غَمَطَ فَضْلَكَ وَجَحَدَ حَقَّكَ، أَوْ عَدَلَ بِكَ مَنْ جَعَلَكَ اللهُ

نصرت سے دست بردار یا جہاد میں آپ کو چھوڑ کر چلا گیا یا آپ کی فضیلت کو Ö یا اور آپ کے حق کا منکر ہوا یا اسے آپ کے برابر لایا کہ جس پر خدا نے

أَوْلىٰ بِهِ مِنْ نَفْسِهِ وَصَلَواتُ اللهِ عَلَيْكَ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكاتُهُ وَسَلامُهُ وَتَحِيَّاتُهُ وَعَلَى الْأَئِمَّةِ

آپ کو اس کے اپنے آپ سے زیادہ اختیار دیا اور درود ہو خدا کا آپ پر خدا کی رحمت ہو اور اس کی برکتیں ہوں اس کا سلام اور اس کی عنایت ہو اور آپ کی

مِنْ آلِكَ الطَّاهِرِينَ إِنَّهُ حَمِيدٌ مَجِيدٌ . وَالْأَمْرُ الْأَعْجَبُ، وَالْخَطْبُ الْأَفْظَعُ بَعْدَ جَحْدِكَ

پاکیزہ اولاد میں سے ہونے والے ائمہؑ پر بھی بے شک وہ حمد والا شان والا ہے اور آپ کے حق کا انکار کیے جانے کے بعد سب سے عجیب اور بڑی مصیبت

حَقَّكَ غَصْبُ الصِّدِيقَةِ الطَّاهِرَةِ الزَّهْراءِ سَيِّدَةِ النِّساءِ فَدَكاً، وَرَدُّ شَهادَتِكَ وَشَهادَةِ السَّيِّدَيْنِ

یہ ہے کہ صدیقہ طاہرہ زہراء کا حق غصب کیا گیا اور فدک á لیا گیا اور آپ کی اور آپ کی اولاد میں سے دو ،سرداروں کی شہادتیں رد کی گئیں جو عترت

سُلالَتِكَ وَعِتْرَةِ الْمُصْطَفىٰ صَلَّى اللهُ عَلَيْكُمْ وَقَدْ أَعْلَى اللهُ تَعالى عَلَى الْأُمَّةِ دَرَجَتَكُمْ، وَرَفَعَ

پیغمبرؐمیں سے ہیں خدا کی رحمت آپ سب پر کیونکہ خدا نے آپ کو امت پر بلندئی درجات دی آپ کی شان بلند کی آپ کی فضیلت ظاہر فرمائی اور آپ

مَنْزِلَتَكُمْ، وَأَبانَ فَضْلَكُمْ وَشَرَّفَكُمْ عَلَى الْعالَمِينَ فَأَذْهَبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ وَطَهَّرَكُمْ تَطْهِيراً، قالَ اللهُ

کو سب جہانوں پر بڑائی دی پس آپ سب سے ہر برائی کو دور رکھا اور آپ کو پاک رکھا جسطرح پاک رکھنے کا حق ہے خدائے عز وجل نے فرمایا انسان

عَزَّ وَجَلَّ إِنَّ الْإِنْسانَ خُلِقَ هَلُوعاً إِذا مَسَّهُ الشَّرُّ جَزُوعاً وَإِذا مَسَّهُ الْخَيْرُ مَنُوعاً إِلَّا الْمُصَلِّينَ

کو بے صبر پیدا کیا گیا کہ جب اسے تکلیف پہنچے تو گھبرا جاتا ہے اور جب بھلائی ملے تو روک لیتا ہے سوائے نماز گزاروں کے پس خدا

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com

فَاسْتَثْنَىٰ اللهُ تَعالی نَبِيَّهُ الْمُصْطَفىٰ وَأَنْتَ يَا سَيِّدَ الْاَوْصِياءِ مِنْ جَمِيعِ الْخَلْقِ، فَما أَعْمَهَ مَنْ
نے اپنے نبی محمدؐ مصطفیٰ کو اور اے اوصیاء کے سردار آپ کو ساری مخلوق سے الگ قراردیا پس کس قدر اندھا ہے وہ جو آپ کے
ظَلَمَکَ عَنِ الْحَقِّ، ثُمَّ أَقْرَضُوکَ سَهْمَ ذَوِی الْقُرْبىٰ مَكْراً، وَأَحادُوهُ عَنْ أَهْلِهِ جَوْراً، فَلَمَّا آلَ
حق کونہیں پہچانتا پھر یہ کہ ان لوگوں نے مکر کے ساتھ نبیؐ کے قرابت داروں کا حق تسلیم کیا اورظلم کے ساتھ ان حقداروں کومحروم کیا پھر جب معاملہ آپ کے
الْاَمْرُ إِلَيْكَ أَجْرَيْتَهُمْ عَلَى مَا أَجْرَيَا رَغْبَةً عَنْهُما بِمَا عِنْدَ اللهِ لَكَ، فَأَشْبَهَتْ مِحْنَتُكَ بِهِما
ہاتھ میں آیا تو آپ نے ان امورکو جوں کا توں رہنے دیا یا اس ثواب کی خاطر جوخدا کے ہاں آپ کیلئے ہے پس ان دو باتوں میں آپ کی مظلومی انبیاءؑ
مِحَنَ الْاَ نْبِياءِ عَلَيْهِمُ اَلسَّلَامُ عِنْدَ الْوَحْدَةِ وَعَدَمِ الْاَ نْصارِ، وَأَشْبَهْتَ فِي الْبَياتِ عَلَى الْفِراشِ
کی مظلومی جیسی ہے یعنی آپ کی تنہائی اور مددگاروں سے محرومی آپ کا شب ہجرت بستر رسولؐ پرسونا مشابہ ہے ذبیح علیہ السلام کی قربانی کے جب آپ نے سونا
الذَّبِيحَ 7 إِذْ أَجَبْتَ كَما أَجابَ،وَأَطَعْتَ كَما أَطاعَ إِسْمَاعِيلُ صَابِراً مُحْتَسِباً إِذْ قالَ لَهُ يَا
قبول کیا اورحکم کی اطاعت کی جیسا کہ اسماعیلؑ نے خوشدلی اورصبر سے اطاعت کی جب باپ نے ان سے کہا اے میرے بیٹے بے شک میں نے خواب میں
بُنَيَّ إِنِّي أَرىٰ فِي الْمَنامِ أَ نِّي أَذْبَحُكَ فَانْظُرْ مَاذَا تَرىٰ قالَ يَا أَبَتِ افْعَلْ مَا تُؤْمَرُ سَتَجِدُنِي إِنْ
دیکھا کہ میں تجھے ذبح کر رہا ہوں پس دیکھوتمہاری کیارائے ہے انہوں نے کہا اے بابا جوحکم ملا اس کی تعمیل کریں خدا نے چاہا تو آپ مجھے صابر ہی پائیں
شاءَ اللهُ مِنَ الصَّابِرِينَ، وَكَذَلِكَ أَ نْتَ لَمَّا أَباتَكَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَأَمَرَكَ أَنْ
گے اوراسی طرح جب نبیؐ نے آپ کواپنے بستر پرسلایا اورحکم دیا کہ آپ ان کے بستر پرسو جائیں اوراپنی جان کی قربانی سے آنحضرتؐ کی جان بچائیں
تَضْجَعَ فِي مَرْقَدِهِ واقِياً لَهُ بِنَفْسِكَ أَسْرَعْتَ إِلَى إِجابَتِهِ مُطِيعاً، وَ لِنَفْسِكَ عَلَى الْقَتْلِ مُوَطِّناً،
تو آپ فورا اطاعت کرتے ہوئے اس پر آمادہ ہوگئے اوراپنے آپکوقتل ہونے کیلئے پیش کردیا پس خدا نے آپکی اس فرمانبرداری کی قدرفرمائی اورآپکے
فَشَكَرَ اللهُ تَعالی طَاعَتَكَ،وَأَبَانَ عَنْ جَمِيلِ فِعْلِكَ بِقَوْلِهِ جَلَّ ذِكْرُهُ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَشْرِي
کارنامے کوظاہر کیا اپنے اس واضح قول کے ذریعے کہ لوگوں میں کچھ ایسے ہیں جو خدا کی رضا حاصل کرنے کیلئے اپنی جانیں بیچ دیتے ہیں پھر جنگ صفین
نَفْسَهُ ابْتِغَاءَ مَرْضَاةِ اللهِ، ثُمَّ مِحْنَتُكَ يَوْمَ صِفِّينَ وَقَدْ رُفِعَتِ الْمَصَاحِفُ حِيلَةً وَمَكْراً فَأَعْرَضَ
میں آپکی سخت مصیبت کہ جب انہوں نے فریب کاری کے ساتھ قرآن نیزوں پر بلند کردیئے تو لوگ شک وشبہ میں پڑ گئے حق کوچھوڑ دیا گیا اورشک پرعمل ہونے
الشَّكُّ،وَعُزِفَ الْحَقُّ،وَاتُّبِعَ الظَّنُّ، أَشْبَهَتْ مِحْنَةَ هَارُونَ إِذْ أَمَّرَهُ مُوسىٰ عَلَىٰ قَوْمِهِ فَتَفَرَّقُوا
لگا آپکی یہ مصیبت ہارونؑ کی مشکل جیسی تھی جب کہ موسیٰؑ نے انکو اپنی قوم پر امیر مقرر کیا تو لوگ انہیں چھوڑ گئے تب ہارونؑ انہیں آوازیں دیتے اور کہتے تھے
عَنْهُ،وَهارُونُ يُنادِي بِهِمْ وَيَقُولُ يَا قَوْمِ إِنَّما فُتِنْتُمْ بِهِ وَ إِنَّ رَبَّكُمُ الرَّحْمنُ فَاتَّبِعُونِي وَأَطِيعُوا أَمْرِي
کہ اے قوم یقیناً تم بچھڑے کے ذریعے آزمائے گئے ہو بیشک رحمان ہی تمہارا رب ہے پس تم میری پیروی کرواور میرا حکم مانو انہوں نے کہا ہم تو اسکے اردگرد

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com

قالُوا لَنْ نَبْـرَحَ عَـلَيْـهِ عاكِفِينَ حَتَّى يَرْجِعَ إِلَيْنا مُوسىٰ . وَكَذلِكَ أَنْتَ لَمَّا رُفِعَتِ الْمَصاحِفُ

عبادت کرتے رہیں گے حتیٰ موسیٰ ہمارے پاس واپس نہیں آتے اسی طرح جب قرآن نیزوں پر بلند کیے گئے تو آپ بھی ان لوگوں سے فرما رہے تھے

قُـلْـتَ يَـا قَوْمِ إِنَّما فُتِنْتُمْ بِها وَخُدِعْتُمْ فَعَصَوْكَ وَخالَفُوا عَلَيْكَ وَاسْتَدْعَوْا نَصْبَ الْحَكَمَيْنِ،

کہ اے لوگو یقیناً اس میں تم آزمائے گئے ہو اور فریب دیے گئے ہو پس انہوں نے نافرمانی کی اور آپکے خلاف ہو گئے اور آپکو حکمین کے تقرر کی خواہش کی

فَـأَبَيْـتَ عَـلَيْهِـمْ وَتَبَرَّأْتَ إِلَى اللهِ مِنْ فِعْلِهِمْ وَفَوَّضْتَهُ إِلَيْهِمْ، فَلَمَّا أَسْفَرَ الْحَقُّ، وَسَفِهَ الْمُنْكَرُ،

تو آپ نے اس سے انکار کیا انکے اس فعل سے خدا کی جانب برأت ظاہر کی اور معاملہ ان پر چھوڑ دیا پھر جب حق ظاہر ہوا منکروں کی بے وقوفی عیاں ہوئی

وَاعْتَـرَفُـوا بِالزَّلَلِ وَالْجَوْرِ عَنِ الْقَصْدِ اخْتَلَفُوا مِنْ بَعْدِهِ وَأَلْزَمُوكَ عَلَى سَفَهِ التَّحْكِيمِ الَّذِي

اور انہوں نے لغزش کا اعتراف کیا اور نافرمانی کی اور بعد میں اپنی اس بات سے پھر گئے اور اس پنچایت (تحکیم) کی غلطی کو آپکے ذمے لگانے لگے کہ جسکا

أَبَيْتَـهُ وَأَحَبُّـوهُ وَحَـظَرْتَهُ وَأَباحُوا ذَنْبَهُمُ الَّذِي اقْتَرَفُوهُ وَأَنْتَ عَلَى نَهْجِ بَصِيرَةٍ وَهُدىً، وَهُمْ

آپ نے انکار کیا اور انہوں نے اسمیں رغبت کی آپ نے منع کیا اور انہوں نے جو گناہ کیا تھا اسکو درست سمجھنے لگے آپ عقل و ہدایت کی راہ پر تھے اور وہ لوگ گمراہی

عَـلَـى سُـنَـنِ ضَلالَةٍ وَعَمىً، فَمَا زالُوا عَلَى النِّفاقِ مُصِرِّينَ وَفِي الْغَيِّ مُتَرَدِّدِينَ حَتَّى أَذاقَهُمُ اللهُ

اور اندھے پن کے طریقے اختیار کیے ہوئے تھے پس انہوں نے نفاق کا دامن پکڑا اپنی گمراہی پر اصرار کرتے رہے جب کہ گمراہی میں پڑتے رہے یہاں تک کہ

وَبَـالَ أَمْـرِهِـمْ،فَأَماتَ بِسَيْفِكَ مَنْ عانَدَكَ فَشَقِيَ وَهَوىٰ، وَأَحْيا بِحُجَّتِكَ مَنْ سَعَدَ فَهُدِيَ،

خدا نے انہیں انکے کیے کا مزہ چکھایا آپکے مخالفوں کو آپکی تلوار سے قتل کرایا اور وہ بدبختی کے ساتھ تباہ ہوئے اور جنہوں نے آپکو حجت مانا وہ خوش بخت اور خدا کی

صَـلَـواتُ اللهِ عَـلَيْكَ غادِيَةً وَرائِحَةً وَعاكِفَةً وَذاهِبَةً، فَمَا يُحِيطُ الْمَادِحُ وَصْفَكَ، وَلاَ يُحْبِطُ

ہدایت حاصل کرتے زندہ ہوئے رحمت ہو آپ پر ہر صبح و شام خواہ آپ کسی جگہ ٹھہرے ہوں چل رہے ہوں کیونکہ مدح کرنے والا آپکے اوصاف گن نہیں سکتا اور طعن

الـطَّـاعِنُ فَضْلَكَ، أَنْتَ أَحْسَنُ الْخَلْقِ عِبَادَةً، وَأَخْلَصُهُمْ زَهَادَةً ،وَأَذَبُّهُمْ عَنِ الدِّينِ،أَقَمْتَ

کرنے والا آپکی فضیلت کو Ö نہیں سکتا آپ عبادت میں ساری مخلوق سے بہتر زہد میں سب سے خالص ہیں اور دین کی حفاظت میں سب سے آگے ہیں آپ

حُـدُودَ اللهِ بِجُهْدِكَ،وَفَلَلْتَ عَسَاكِرَالْمَارِقِينَ بِسَيْـفِكَ، تُخْمِدُ لَهَبَ الْحُرُوبِ بِبَنانِكَ،

نے حدود الٰہی کے قیام میں بڑی کوشش کی آپ نے اپنی تلوار سے بے دین ہونے والوں کے لشکر ناکارہ بنا دیئے آپ نے انگلی کے اشارے سے جنگ کے شعلے ٹھنڈے

وَتَهْتِكُ سُتُورَ الشُّبَهِ بِبَيـانِكَ، وَتَـكْشِفُ لَبْـسَ الْبـاطِلِ عَنْ صَرِيحِ الْحَقِّ لاَ تَأْخُذُكَ فِي اللهِ

کر دیئے اپنے بیان سے شک کے پردوں کو چاک کر ڈالا اور آپ نے حق کے چہرے سے باطل کے حجاب نوچ لئے کیونکہ خدا کے معاملے میں آپکو ملامت

لَـوْمَةُ لائِـمٍ، وَفِـي مَـدْحِ اللهِ تَعالى لَكَ غِنىً عَنْ مَدْحِ الْمادِحِينَ وَتَقْرِيظِ الْواصِفِينَ قالَ اللهُ

کرنے والے کی ملامت کی پروا نہیں اور جب خدا ہی آپ کی تعریف کر رہا ہے تو مدح کرنے والوں کی مدح اور تعریف کرنے والوں کی تعریف کا کیا ہے خدائے

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com

تَعالى مِنَ الْمُؤْمِنِينَ رِجالٌ صَدَقُوا مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ فَمِنْهُمْ مَنْ قَضَى نَحْبَهُ وَمِنْهُمْ مَنْ يَنْتَظِرُ

تعالیٰ کا فرمان ہے کہ مومنوں میں ایسے مرد بھی ہیں جنہوں نے خدا سے کیا ہوا عہد سچ کر دکھایا پس ان میں سے کچھ دنیا سے چلے گئے اور ان میں سے بعض انتظار

وَمَا بَدَّلُوا تَبْدِيلاً، وَلَمَّا رَأَيْتَ أَنْ قَتَلْتَ النَّاكِثِينَ وَالْقَاسِطِينَ وَالْمَارِقِينَ وَصَدَقَكَ رَسُولُ

میں ہیں اور ان میں کوئی تبدیلی نہیں آئی اور جب آپ نے دیکھا کہ عہد توڑنے والے تفرقہ ڈالنے والے اور بے دین آپ سے لڑتے ہیں اور حضرت

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَعْدَهُ فَأَوْفَيْتَ بِعَهْدِهِ قُلْتَ أَمَا آنَ أَنْ تُخْضَبَ هٰذِهِ مِنْ هٰذِهِ أَمْ مَتىٰ

رسول اللہ ﷺ کا آپ کو دیا ہوا وعدہ سچ نکلا تو آپ نے وہ عہد پورا کر دیا تب آپ نے کہا کہ وہ وقت کیا نہیں آیا ہے کہ پیشانی کے خون سے داڑھی پر

يُبْعَثُ أَشْقاها واثِقاً بِأَنَّكَ عَلَى بَيِّنَةٍ مِنْ رَبِّكَ، وَبَصِيرَةٍ مِنْ أَمْرِكَ، قادِمٌ عَلَى اللّٰهِ، مُسْتَبْشِرٌ

خضاب ہو تو وہ بدبخت کب اٹھے گا یہ اس لیے کہ اپنے رب کی واضح دلیل کا آپ کو یقین اور اپنے معاملے میں کامل بصیرت حاصل تھی آپ بارگاہ الٰہی میں

بِبَيْعِكَ الَّذِي بايَعْتَهُ بِهِ وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ اَللّٰهُمَّ الْعَنْ قَتَلَةَ أَنْبِيائِكَ وَأَوْصِياءِ أَنْبِيائِكَ

جان کی تجارت پر خوش ہو کر گئے جو تجارت اس ذات خدا سے کی تھی اور یہی وہ بڑی کامیابی ہے اے اللہ! لعنت کر اپنے نبیوں کے قاتلوں اور انکے

بِجَمِيعِ لَعَناتِكَ، وَأَصْلِهِمْ حَرَّ نارِكَ ، وَالْعَنْ مَنْ غَصَبَ وَلِيَّكَ حَقَّهُ، وَأَنْكَرَ عَهْدَهُ، وَجَحَدَهُ

اوصیاء کے قاتلوں پر مکمل لعنت اور انکو آتش جہنم میں جھونک دے اور لعنت کر ان پر جنہوں نے تیرے ولی کا حق چھینا ان کی بیعت کا انکار کیا اور دین کے کامل

بَعْدَ الْيَقِينِ وَالْإِقْرارِ بِالْوِلايَةِ لَهُ يَوْمَ أَكْمَلْتَ لَهُ الدِّينَ اَللّٰهُمَّ الْعَنْ قَتَلَةَ أَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ وَمَنْ

ہونے کے دن انکی ولایت کا یقینی اقرار کرنے کے بعد اس کے مخالف ہو گئے اے اللہ! لعنت کر امیرالمومنینؑ کے قاتلوں پر حضرت پر ظلم کرنے والے پر ان

ظَلَمَهُ وَأَشْياعَهُمْ وَأَنْصارَهُمْ. اَللّٰهُمَّ الْعَنْ ظالِمِي الْحُسَيْنِ وَقاتِلِيهِ، وَالْمُتابِعِينَ عَدُوَّهُ وَناصِرِيهِ،

ظالموں کے پیروکاروں اور مددگاروں پر اے اللہ! لعنت کر امام حسینؑ پر ظلم کرنے والوں پر آپ کے قاتلوں پر آپ کے دشمنوں کے پیروکاروں اور مددگاروں

وَالرَّاضِينَ بِقَتْلِهِ وَخاذِلِيهِ لَعْناً وَبِيلاً. اَللّٰهُمَّ الْعَنْ أَوَّلَ ظالِمٍ ظَلَمَ آلَ مُحَمَّدٍ وَمانِعِيهِمْ حُقُوقَهُمْ.

پر آپ کے قتل پر خوش ہونے والوں اور آپ کو چھوڑ جانے والوں پر لعنت اور انہیں عذاب دے اے اللہ! لعنت اس پہلے ظالم پر جس نے آل محمدؐ پر ظلم کیا

اَللّٰهُمَّ خُصَّ أَوَّلَ ظالِمٍ وَغاصِبٍ لآلِ مُحَمَّدٍ بِاللَّعْنِ وَكُلَّ مُسْتَنٍّ بِمَا سَنَّ إِلى يَوْمِ الْقِيامَةِ. اَللّٰهُمَّ

اور انکے حقوق کو روک لیا اے اللہ! آل محمدؐ پر ظلم کرنے والے انکا حق غصب کرنے والے پہلے ظالم سے مخصوص اظہار بیزاری کر اور اسکے طریقے پر ½ والوں

صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ خاتَمِ النَّبِيِّينَ، وَعَلَى عَلِيٍّ سَيِّدِ الْوَصِيِّينَ وَآلِهِ الطَّاهِرِينَ، وَاجْعَلْنا بِهِمْ

سے تا قیامت اظہار بیزاری کرتا رہ اے معبود! رحمت فرما نبیوں کے خاتم حضرت محمدؐ پر اور رحمت کر اوصیاء کے سردار علیؑ پر اور انکی پاک آلؑ پر اور قرار دے

مُتَمَسِّكِينَ، وَبِوِلايَتِهِمْ مِنَ الْفائِزِينَ الْآمِنِينَ الَّذِينَ لاَ خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلاَ هُمْ يَحْزَنُونَ .

ہمیں ان سے تعلق رکھنے اور ان کی ولایت کو ماننے والوں میں کہ جن کو نہ کوئی خوف ہے نہ ان کو کچھ غم و اندیشہ ہے۔

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com

!ؤلف کہتے ہیں ہم نے کتاب ہدیۃ الزائرین میں اس زیارت کی سند کی طرف اشارہ کیا ہے اور یہ بھی بتایا ہے کہ اس زیارت کو ہر روز نزدیک یا دور سے پڑھا جا سکتا ہے ذوق عبادت رکھنے والوں اور امیرالمؤمنین علیہ السلام کی زیارت کے شائقین کو اسے غنیمت شمار کرنا اور اس سے فائدہ اٹھانا چاہیے۔ روز غدیر کی تیسری زیارت وہ ہے' جسے سید نے اقبال میں امام جعفر صادق علیہ السلام سے نقل کیا اور فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص غدیر کے دن امیرالمؤمنینؑ کی قبر پر موجود ہو تو نماز اور دعاء کے بعد قبر شریف کے نزدیک جا کر یہ زیارت پڑھے۔ اگر کسی دوسرے شہر میں ہو تو اس دن امیرالمؤ!نینؑ کی قبر مبارک کی طرف اشارہ کرتے ہوئے اسے پڑھے اور وہ دعا یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى وَ لِيِّكَ وَأَخِي نَبِيِّكَ وَوَزِيرِهِ وَحَبِيبِهِ وَخَلِيلِهِ، وَمَوْضِعِ سِرِّهِ، وَخِيَرَتِهِ مِنْ

اے معبود! رحمت نازل فرما اپنے ولی پر جو تیرے نبیؐ کے برادر انکے وزیر ان کے حبیب ان کے خلیل اور انکے راز دار ہیں وہ انکے خاندان میں سے بہترین شخص

أُسْرَتِهِ، وَوَصِيِّهِ وَصَفْوَتِهِ وَخالِصَتِهِ وَأَمِينِهِ وَوَ لِيِّهِ وَأَشْرَفِ عِتْرَتِهِ الَّذِينَ آمَنُوا بِهِ، وَأَبِي ذُرِّيَّتِهِ،

انکے وصی انکے چنے ہوئے انکے خاص وخالص انکے امانتدار انکے ولی اور انکی عترت میں بلند تر ہیں کہ وہ نبی اکرمؐ پر ایمان لائے اور انکی ذریت کے باپ ہیں وہ انکی

وَبابِ حِكْمَتِهِ، وَالنَّاطِقِ بِحُجَّتِهِ، وَالدَّاعِي إِلَى شَرِيعَتِهِ، وَالْماضِي عَلَى سُنَّتِهِ، وَخَلِيفَتِهِ عَلَى

حکمت کا دروازہ انکی حجت کے بیان کرنے والے انکی شریعت کی طرف بلانے والے انکی سنت پر عمل کرنے والے انکی امت میں انکے جانشین مسلمانوں کے سردار

أُمَّتِهِ، سَيِّدِ الْمُسْلِمِينَ، وَأَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ وَقائِدِ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِينَ أَفْضَلَ مَا صَلَّيْتَ عَلَى أَحَدٍ

اور مومنوں کے امیر ہیں وہ چمکتے چہروں والوں کے پیشرو ہیں ان پر وہ بہترین رحمت فرما کہ جو تو نے اپنی مخلوق میں سے کسی پر اور اپنے برگزیدہ ومنتخب بندوں میں سے

مِنْ خَلْقِكَ وَأَصْفِيائِكَ وَأَوْصِياءِ أَنْبِيائِكَ . اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَشْهَدُ أَنَّهُ قَدْ بَلَّغَ عَنْ نَبِيِّكَ صَلَّى

اور اپنے نبیوں کے اوصیاء میں کسی پر کی ہو اے اللہ میں گواہی دیتا ہوں کہ انہوں نے وہ احکام لوگوں تک پہنچائے جو تیرے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے حاصل

اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ مَا حُمِّلَ وَرَعىٰ مَا اسْتُحْفِظَ وَحَفِظَ مَا اسْتُودِ عَ وَحَلَّلَ حَلالَكَ،وَحَرَّمَ حَرامَكَ،

کیے وہ یاد رکھا جو یاد رکھنا چاہیے تھا جو کچھ ان کے سپرد ہوا اس کی نگہداری کی تیرے حلال کو حلال اور تیرے حرام کو حرام قرار دیا

وَأَقامَ أَحْكامَكَ،وَدَعا إِلى سَبِيلِكَ،وَوَالىٰ أَوْلِيائَكَ،وَعَادَىٰ أَعْدائَكَ وَجَاهَدَ النَّاكِثِينَ عَنْ

اور تیرے احکام جاری کیے تیری راہ کی طرف بلاتے رہے تیرے دوستوں سے محبت رکھی اور تیرے دشمنوں کے دشمن رہے انہوں نے تیری بیعت توڑنے

سَبِيلِكَ،وَالْقاسِطِينَ وَالْمارِقِينَ عَنْ أَمْرِكَ،صابِراً مُحْتَسِباً مُقْبِلاً غَيْرَ مُدْبِرٍ لا تَأْخُذُهُ فِي

والوں تفرقہ ڈالنے والوں اور تیرے حکم کو نہ سمجھنے والوں کے ساتھ صبر اور خیر خواہی سے جہاد کیا کہ بڑھتے تو پیچھے نہ ہٹتے تھے خدا کے معاملے میں وہ کسی

اللهِ لَوْمَةُ لائِمٍ حَتَّى بَلَغَ فِي ذٰلِكَ الرِّضا، وَسَلَّمَ إِلَيْكَ الْقَضاءَ، وَعَبَدَكَ مُخْلِصاً،وَنَصَحَ لَكَ

کی ملامت کی پرواہ نہیں کرتے تھے حتیٰ کہ اسی عمل میں تیری رضا تک پہنچے اور تیرے فیصلے کو قبول کر لیا انہوں نے تیری خاص عبادت کی اور تیری خاطر نصیحت

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com

مُـجْتَهِداً حَتَّى أَتَاهُ الْيَقِينُ، فَقَبَضْتَهُ إِلَيْکَ شَهِيداً سَعِيداً وَلِيّاً تَقِيّاً رَضِيّاً زَكِيّاً هادِياً مَهْدِيّاً اَللّٰهُمَّ

کرتے رہے حتیٰ کہ ان کی شہادت واقع ہوئی تو نے ان کی جان قبض کر لی اور وہ شہید نیک بخت ولی پرہیز گار پسندیدہ پاکباز رہبر و رہنما اور ہدایت یافتہ تھے

صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَعَلَيْهِ أَفْضَلَ مَا صَلَّيْتَ عَلَى أَحَدٍ مِنْ أَنْبِيائِکَ وَأَصْفِيائِکَ يَا رَبَّ الْعالَمِينَ .

اے اللہ رحمت فرما حضرت محمدؐ پر اور ان (علیؑ) پر وہ بہترین رحمت جو تو نے اپنے نبیوں اور اپنے منتخب بندوں میں سے کسی پر کی ہو اے جہانوں کے پروردگار۔

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com